P-433

URDU PAPER-XI
(A-I-KT-26)

Sign & Stamp of Supdtt:

VERSION: A

Roll No.

C No. 62

Name:

Write Roll No. in the boxes and shade the appropriate circle.

Time Allowed: 20 Minutes

SECTION-A

Marks:20

1. "میں نے کھانا کھالیا"۔ میں "لیا" قواعد کی رو سے ہے۔
(A) اصل فعل (B) امدادی فعل (C) ناقص فعل (D) متعلق فعل

2. "زارا آہستہ آہستہ بول رہی تھی"۔ میں "آہستہ آہستہ" قواعد کی رو سے ہے۔
(A) متعلق فعل (B) امدادی فعل (C) اصل فعل (D) فعل ناقص

3. "موسیٰ خان کی نظر عقاب کی مانند تیز ہے"۔ مثال ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

4. "الحمد شریف پڑھیں" مجاز مرسل کی صورت ہے۔
(A) کل بول کر جزو مراد لینا (B) جزو بول کر کل مراد لینا (C) سبب بول کر مسبب مراد لینا (D) مسبب بول کر سبب مراد لینا

5. بہت ڈوبتوں کو ترایا ہے تو نے
بگڑتوں کو اکثر بنایا ہے تو نے
یہ شعر مثال ہے۔ 126234
(A) صنعت تلمیح (B) صنعت حسن تعلیل (C) صنعت تضمین (D) صنعت تضاد

6. ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز شعر مثال ہے۔
(A) صنعت لف و نشر (B) صنعت تضاد (C) صنعت مراعاۃ النظیر (D) صنعت تضمین

7. "سنتے ہو جی! بازار سے مٹھائی لے کر آنا"۔ جملہ ہے۔
(A) محاورہ (B) روزمرہ (C) کہاوت (D) سلینگ

8. کسی شخص کی ولادت سے لے کر وفات تک کے تمام واقعات و کارناموں کو ترتیب وار تفصیل سے بیان کرنا، کہلاتا ہے۔
(A) انشائیہ (B) مضمون (C) افسانہ (D) سوانح عمری

9. درج ذیل میں درست محاورے کی نشان دہی کریں۔
(A) منہ پر کالک ملنا (B) ہاتھ پر کالک ملنا (C) پاؤں پر کالک ملنا (D) بدن پر کالک ملنا

10. وہ نظم جس میں قافیہ اور ردیف نہیں ہوتا ہے لیکن سب شعر ایک ہی بحر اور وزن میں ہوتے ہیں، کہلاتی ہے۔
(A) پابند نظم (B) آزاد نظم (C) نظم معریٰ (D) ہجو

11. ایسی تحریر جس میں کسی شخصیت کی تصویر الفاظ میں کھینچی جائے، کہلاتی ہے۔
(A) داستان (B) ناول (C) افسانہ (D) خاکہ

12. افسانہ کا لغوی معنیٰ ہے۔
(A) سچی کہانی (B) جنگی کہانی (C) من گھڑت کہانی (D) تاریخی کہانی

13. "پکا چج" الفاظ کی قسم ہے۔
(A) اشتقاق (B) محاورہ (C) سلینگ (D) روزمرہ

14. "آسائش" کا مترادف ہے۔
(A) خام (B) پیمائش (C) آرام (D) آوزار

15. سب سے اعلیٰ تری سرکار ہے سب سے افضل
میرے ایمان مفصل کا یہی ہے مجمل درج بالا شعر مثال ہے۔
(A) مرثیہ (B) حمد (C) نعت (D) قصیدہ

16. چاندنی رات میں وہ چہرہ چاند کی طرح
جیسے قدرت نے ہر نور کو یکجا کر دیا ہو
شعر میں اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔
(A) کنایہ (B) مجاز مرسل (C) استعارہ (D) تشبیہ

17. "وہ سفید پوش انسان ہے"۔ مثال ہے۔ 126234
(A) کنایہ (B) مجاز مرسل (C) استعارہ (D) تشبیہ

18. شعری اصطلاح "مطلع" سے مراد ہے۔
(A) آخری شعر (B) پہلا شعر (C) دوسرا شعر (D) آخری سے پہلا شعر

19. ایسی نظم جس کی ہیئت کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں، کہلاتی ہے۔
(A) مثلث (B) رباعی (C) مخمس (D) مسدس

20. درج ذیل میں درست روزمرہ ہے۔
(A) جمیل باغ میں کام کرتا ہے۔ (B) جمیل نے لوگوں کو سبز باغ دکھائے۔ (C) جمیل نے سب کی ناک میں دم کر دیا ہے۔ (D) جمیل نے آنکھیں بند کریں۔

Shade the correct answers for each question below

1. (A) (B) (C) (D)
2. (A) (B) (C) (D)
3. (A) (B) (C) (D)
4. (A) (B) (C) (D)
5. (A) (B) (C) (D)
6. (A) (B) (C) (D)
7. (A) (B) (C) (D)
8. (A) (B) (C) (D)
9. (A) (B) (C) (D)
10. (A) (B) (C) (D)
11. (A) (B) (C) (D)
12. (A) (B) (C) (D)
13. (A) (B) (C) (D)
14. (A) (B) (C) (D)
15. (A) (B) (C) (D)
16. (A) (B) (C) (D)
17. (A) (B) (C) (D)
18. (A) (B) (C) (D)
19. (A) (B) (C) (D)
20. (A) (B) (C) (D)

KT-XI-26-I P-434 وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

اُردو لازمی (پارٹ-ون)

حصہ دوم

نمبر:50

سوال۔2 متن پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ (ہر جواب کم از کم 30 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے) نمبر:25

بڑے کمرے سے گزرتے ہوئے اس نے دیکھا کہ نجمہ پھوپھی اپنے صاف ستھرے بستر پر لیٹی کوئی موٹی سی کتاب پڑھ رہی ہیں۔ گرمیوں میں چھت پر نجمہ پھوپھی کا دم گھٹتا تھا، اس لیے وہ اپنے کمرے کے پاس والی چھوٹی چھت پر گزارہ کر لیتیں۔ جلوس قریب آ گیا تھا۔ بچے بڑے زور زور سے نعرے لگا رہے تھے: "مسلم لیگ زندہ باد، قائد اعظم زندہ باد، بن کے رہے گا پاکستان، وحشیانہ راج نہیں ہوگا، چھپا راج نہیں ہوگا"۔ عالیہ چھت کی منڈیر سے جھک کر گلی میں جھانکنے لگی۔ دو بڑے لڑکے مشعلیں اٹھائے سب سے آگے تھے۔ "نہیں دیکھنے دیا ظالم نے ۔۔۔ جمیل بھاگتی ہوئی آئی اور عالیہ کے برابر کھڑی ہو کر نیچے گلی میں آدمی لٹک گئی۔۔۔ ہائے کیسا شاندار جلوس ہے۔

سوالات:
1۔ نجمہ پھوپھی کہاں اور کس حالت میں نظر آئیں؟ 2۔ گرمیوں کے موسم میں نجمہ پھوپھی کی رہائش کا کیا انتظام ہوتا تھا؟ 3۔ عالیہ اور جمیل کا جلوس دیکھنے کا انداز اقتباس میں کس طرح بیان کیا گیا ہے؟ وضاحت کریں۔ 4۔ جلوس کے قریب آنے پر بچے کون کون سے نعرے لگا رہے تھے؟ ان نعروں کی اہمیت بھی بیان کریں۔ 5۔ اقتباس میں بیان کیے گئے جلوس کے منظر اور ماحول کی تفصیل اپنے الفاظ میں لکھیں۔

سوال3۔ نظم پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات میں سے تین کے جوابات لکھیں۔ نمبر:15

بہت ڈوبتوں کو ترایا ہے تو نے
بگڑتوں کو اکثر بنایا ہے تو نے

اکھڑتے دلوں کو جمایا ہے تو نے
اجڑتے گھروں کو بسایا ہے تو نے

بہت تو نے پستوں کو بالا کیا ہے
اندھیرے میں اکثر اجالا کیا ہے

سوالات: 1۔ شاعر نے ان اشعار میں اللہ تعالیٰ کی کن کن نعمتوں اور مہربانیوں کا ذکر کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ 2۔ مصرع "بہت ڈوبتوں کو ترایا ہے تو نے" کی تشریح کریں۔ 3۔ شاعر کے مطابق اللہ تعالیٰ لوگوں کی مشکلات کو کس طرح آسان کرتا ہے؟ 4۔ مصرع "اندھیرے میں اکثر اجالا کیا ہے" سے شاعر کیا مراد لیتا ہے؟

سوال4۔ متعلق فعل کی تعریف کریں اور تین مثالیں بھی دیں۔ یا کوئی سی پانچ امدادی فعل کے جملے لکھیں۔ نمبر:5

سوال5۔ تشبیہ کی کوئی سی پانچ مثالیں لکھیں۔ یا صنعت تضاد کی تعریف کریں اور تین مثالیں بھی دیں۔ نمبر:5

حصہ سوم

نمبر:30

نوٹ: دی گئی ہدایات کے مطابق تمام سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

سوال6۔ متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ نمبر:(2+4+4)=10

الف۔ اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو ان کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے: ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک کہ ان دونوں برائیوں سے ان کو وہ نہ چھڑائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اس عمر میں زبان کو لگ گیا، تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔
بعض بھلے مانسوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ جھوٹ بولنے سننے کی بیماری ان کے پیچھے لگی ہوتی ہے۔ اپنے شخص تعلی کی داستانیں نثر میں ایسی ہی گھڑا کرتے ہیں، جیسے کوئی شاعر اشعار میں جھوٹا مضمون گانٹھتا ہے۔ اگر یہ عیب ان میں نہ ہو، تو پھر ان کے بے عیب ہونے میں کچھ شبہ نہیں رہتا۔

ب۔ دارا سے بھی ہماری ملاقات پرانی ہے۔ اس زمانے میں ہم سکول کی ابتدائی جماعتوں میں پڑھتے تھے۔ اسکندر اعظم کے ہاتھوں دارا کی شکست اور تباہی کا حال پڑھ کر چنداں افسوس نہ ہوتا کیوں کہ اسکندر اعظم کو ہم مسلمان سمجھتے تھے۔ اسکندر اعظم پر ہی کیا موقوف ہے، جتنے ناموں میں ف، ق، ط، ظ وغیرہ آئیں، وہ ہندو تو بہرحال نہیں ہو سکتے تھے مثلاً: فیلقوس، ارسطو، افلاطون، فیثا غورث، سقراط، بقراط اور ان دنوں ہمارے نزدیک تو دو ہی قومیں تھیں، ہندو اور مسلمان۔ افسوس ہوتا تھا کہ اسکندر دریائے بیاس کے مغربی کنارے سے کیوں لوٹ گیا۔ ہمارا گاؤں بیاس کے مشرق میں کوئی زیادہ دور تھوڑی تھا۔ لے آمد نہ باعث آبادی ما۔"

سوال7۔ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ شاعر اور نظم کریں۔ نمبر:(2+4+4)=10

الف۔
اسی خالق، اسی مالک کی ہے سب حمد و ثنا
آبشاروں کا ترنم ہو کہ گل بانگ ہزار

یہ سب آیات الٰہی ہیں، ذرا غور سے دیکھ
اس کی پھر حمد بیاں کر، اسی خالق کو پکار

ب۔
ہے ہائے رحم حال پریشاں اس اسیر کے
جو گرتے ہی ہوا سے تہہ دام آ گیا

سمجھو خدا کے واسطے پیارے برا انھیں
دو دن، اگر کسی کے کام آ گیا

سوال8۔ استاد اور شاگرد کے درمیان امتحان کی تیاری پر دس جملوں پر مشتمل مکالمہ تحریر کریں۔ یا ایک دریا کی آپ بیتی لکھیں۔ نمبر 5=1+3+1

سوال9۔ پورڈ کنٹرولر کے نام سند جاری کرنے کے لیے درخواست لکھیں۔ یا مطالعے کا شوق ابھارنے کے لیے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں۔ 5=1+3+1

tayarri.com